# بہاولپور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری

کراچی بائی پاس (نیشنل ہائی وے) بہاولپور

فون نمبر 0345-8880202 0301-6672323

BAHAWALPUR CHAMBER OF COMMERCE AND INDUSTRY
BAHAWAL PUR


ریفرنس نمبر: بی سی سی آئی/ بی ڈبلیو پی/2023-12(515)

مورخہ 02 دسمبر 2023

## کاروائی ایگزیکٹو کمیٹی اجلاس بہاولپور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری منعقدہ مورخہ 02 دسمبر 2023ء

بہاولپور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی ایگزیکٹو کمیٹی کا ایک اجلاس 02 دسمبر 2023ء بروز ہفتہ بوقت 11:30 بجے دن زیر صدارت صدر چیمبر جناب چوہدری ذوالفقار علی مان منعقد ہوا۔ جس میں درج ذیل اراکین شریک ہوئے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1۔ | جناب چوہدری ذوالفقار علی مان | (صدر) | آئیڈیل پاکستان انڈسٹریز پرائیویٹ لمیٹڈ، یزمان |
| 2۔ | جناب حنیف احمد | (سینئر نائب صدر) | السعید گارمنٹس اینڈ شوز، بہاولپور |
| 3۔ | جناب محمد ارشد نذر رحمانی | (ممبر) | رحمانیہ ایسوسی ایٹس بہاولپور |
| 4۔ | جناب عباس علی | (ممبر) | ہما سلک سنٹر، بہاولپور |
| 5۔ | جناب محمد سہیل صدیق | (ممبر) | سہیل وقاص پرائیویٹ لمیٹڈ، لودھراں |
| 6۔ | جناب ظفر اقبال | (ممبر) | چوہدری موٹرز اینڈ پراپرٹی ایڈوائیزر، بہاولپور |
| 7۔ | جناب آصف عباس | (ممبر) | شیخ پروٹینز پرائیویٹ لمیٹڈ، لودھراں |
| 8۔ | جناب ملک محمد علیم | (ممبر) | ملک ٹریڈنگ کارپوریشن، احمد پور شرقیہ |
| 9۔ | جناب محمد جواد بندیشہ | (ممبر) | الفتح اسٹیٹ اینڈ بلڈرز، بہاولپور |
| 10۔ | جناب فیصل ندیم | (ممبر) | المعروف اینڈ کمپنی، بہاولپور |

تلاوت کلام پاک سے میٹنگ کا آغاز ہوا۔ صدر چیمبر جناب چوہدری ذوالفقار علی مان نے میٹنگ میں آنے والے تمام ایگزیکٹو اراکین کو میٹنگ میں شرکت کرنے پر خوش آمدید کہا۔ اس کے بعد ایجنڈے کے درج ذیل امور پر غور لائے گئے۔

**ایجنڈا نمبر 1:- سابقہ ایگزیکٹو کمیٹی میٹنگ منعقدہ مورخہ 25 اکتوبر 2023ء کی کاروائی کی توثیق۔**

میٹنگ میں گذشتہ ایگزیکٹو کمیٹی کے اجلاس منعقدہ مورخہ 25 اکتوبر 2023ء کی کاروائی برائے توثیق پیش کی گئی، ہاوس نے ایجنڈا جات اوران کی تفصیل سے اتفاق کرتے ہوئے منظور کرلیا اور اسکی توثیق کرتے ہوئے درج ذیل قرارداد منظور کر لی۔

**قرارداد 04/2023-24**

**"ہرگاہ ہاؤس بہاولپور چیمبر کی ایگزیکٹو کمیٹی کی میٹنگ منعقدہ مورخہ 25 اکتوبر 2023ء کی کاروائی سے مکمل اتفاق کرتا ہے اور باالاتفاق رائے اس کی توثیق کرتا ہے"**

CamScanner

**ایجنڈا نمبر 2:-** گذشتہ ایگزیکٹو کمیٹی میٹنگ سے لیکر موجودہ میٹنگ تک چیمبر میں آنے والی نئی ممبر شپ کی منظوری۔

سیکرٹری جنرل چیمبر نے ہاؤس کے سامنے گذشتہ ایگزیکٹو کمیٹی کی میٹنگ منعقدہ مورخہ 25 اکتوبر 2023 سے لیکر موجودہ میٹنگ تک بہاولپور چیمبر میں ہونے والی نئی ممبر شپ کی فہرست پیش کی۔ جس کے مطابق 22 ممبر شپ برائے ایسوسی ایٹ کلاس رجسٹر ہوئی ہیں جن کی تفصیل درج ذیل ہے۔

**ایسوسی ایٹ کلاس:** 1۔زبیدہ ٹریڈنگ، یزمان 2۔لقمان فروٹ فارم فش فارم اینڈ ایگری کلچر فارمز، یزمان 3۔بے بی ورلڈ، چشتیاں

4۔حنظلہ انٹر پرائزز، بہاولپور 5۔گلوبل برڈز فارم ہاؤس، بہاولپور 6۔امپیریل ریئل اسٹیٹ، بہاولپور 7۔خلیل جنرل ٹریڈنگ کو، بہاولپور

8۔محسن کو انٹرنیشنل، حاصل پور 9۔عمران خان موٹر ورک شاپ، بہاولپور 10۔میٹرو پلس شوز، ہارون آباد 11۔جی اے اینڈ اے، بہاولپور

12۔عظیم لاء ایسوسی ایٹس، بہاولپور 13۔رانا پیسٹی سائیڈ اینڈ سیڈ کارپوریشن، ڈاہرانوالہ 14۔وقاص ٹریڈرز، ہارون آباد

15۔میگا مرچنٹ انٹرپرائزز، بہاولپور 16۔ہادی انٹر پرائزز، بہاولپور 17۔نشتر ڈینٹل لیبارٹری، بہاولپور 18۔امداد کمیشن شاپ، منچن آباد

19۔الحافظ پنسار سٹور، بہاولپور 20۔بٹ سپر سنٹر، ڈاہرانوالہ 21۔چوہدری ڈیری فارم، یزمان 22۔عظمیٰ بوتیک سنٹر، بہاولپور

ہاؤس نے آنے والی درج بالا ایسوسی ایٹ کلاس کی تمام نئی ممبر شپ پر غور وخوض کرتے ہوئے ان کی باقاعدہ طور پر منظوری دیتے ہوئے درج ذیل قرارداد کی توثیق کر دی۔

**قرارداد 05/2023-24**

**"ہرگاہ ہاؤس گذشتہ ایگزیکٹو کمیٹی میٹنگ منعقدہ مورخہ 25 اکتوبر 2023 سے لیکر آج کی میٹنگ تک بہاولپور چیمبر میں آنے والی تمام نئی ممبر شپ جس میں 22 ایسوسی ایٹ کلاس شامل ہیں، کی بہاولپور چیمبر کی ممبر شپ حاصل کرنے کی باقاعدہ طور پر منظوری دیتا ہے۔"**

**ایجنڈا نمبر 3:-** گذشتہ ایگزیکٹو کمیٹی میٹنگ سے لیکر موجودہ میٹنگ تک چیمبر کی سرگرمیوں پر بریفنگ۔

صدر چیمبر کی ہدایت پر سیکرٹری جنرل چیمبر نے ملٹی میڈیا کے ذریعے گذشتہ میٹنگ سے لیکر موجودہ میٹنگ تک (چیمبر اور چیمبر سے باہر) ہونے والے تمام پروگرامز، میٹنگز وغیرہ جن میں چیمبر کے اعلیٰ عہدیداران، اراکین ایگزیکٹو اور دیگر اراکین شریک ہوئے، پر بریفنگ دی جسے جاننے کے بعد ہاؤس نے اظہار تحسین کیا۔

**ایجنڈا نمبر 4:-** بہاولپور چیمبر کی نوٹ بک (ڈائری) برائے سال 2024 کی اشاعت پر غور وخوض۔

صدر چیمبر نے اس ایجنڈے پر بات کرتے ہوئے ہاؤس کو آگاہ کیا کہ ہم ہر سال کی طرح اس سال بھی بہاولپور چیمبر آف کامرس کی ڈائری (نوٹ بک) کی اشاعت کرانا چاہ رہے ہیں اس سلسلے میں آپ تمام اراکین ایگزیکٹو سے درخواست ہے کہ ڈائری کے اخراجات پورے کرنے کے لیے اپنے اپنے بزنس کے اشتہارات دیں۔ اس کے علاوہ آپ سے یہ بھی گزارش ہے کہ اپنے دیگر دوست احباب جو کہ بزنس سے متعلق ہوں ان سے بھی بہاولپور چیمبر کی ڈائری کے لیے اشتہار حاصل کیے جائیں۔ صاحب صدر نے ہاؤس میں اشتہارات کے نرخ بارے بھی آگاہ کیا اور کہا کہ فرنٹ اور بیک سائیڈ پیج کے نرخ مبلغ 75 ہزار روپے اور انسائیڈ پیج کے مبلغ 30 ہزار روپے اور ہالف پیج کے مبلغ 20 ہزار روپے مقرر کیے گئے ہیں۔ ایگزیکٹو راکین جناب آصف عباس اور ارشد رحمانی نے تجویز دیتے ہوئے کہا کہ اگر اشتہارات کے نرخ کچھ کم کر دیئے جائیں تو ہمیں زیادہ اشتہارات موصول ہو سکتے ہیں جس پر صاحب صدر نے کہا کہ ہر سال ڈائری کے نرخ بڑھ رہے ہیں اور ہمیں ڈائری پر اٹھنے والے اخراجات پورے کرنے میں کم فنڈز موصول ہوتے ہیں جس سے کچھ رقم چیمبر سے بھی ادا کرنی پڑتی ہے اور یہ بھی خدشہ محسوس ہو رہا ہے کہ اس مرتبہ بھی کچھ رقم ایگزیکٹو کمیٹی کی منظوری سے ہی چیمبر سے ادا کرنی پڑے گی جس پر تمام اراکین نے کہا کہ ہم سب کی کوشش ہونی چاہیے کہ ڈائری کے لیے اشتہارات دیں تاہم اگر مطلوبہ رقم موصول نہ ہو سکے تو ہاؤس اس بات کی اجازت دیتا ہے کہ بقایا رقم چیمبر سے ادا کر دی جائے۔

CamScanner

**ایجنڈا نمبر 5:-** **ماہ اکتوبر و نومبر 2023 کے دوران چیمبر میں ہونے والے اخراجات کی منظوری۔**

سیکرٹری جنرل چیمبر نے ہاؤس میں ماہ اکتوبر و نومبر 2023 کے اخراجات پر مبنی گوشوار اجات برائے منظوری پیش کیے۔سیکرٹری جنرل نے اخراجات پر مبنی گوشوار اجات پیش کرنے سے پہلے ہاؤس کو آگاہ کیا کہ چیمبر کی فنانس کمیٹی اپنی میٹنگ منعقدہ مورخہ 30 نومبر 2023 میں ان تمام اخراجات بمع بلز اور ووچرز ریویو کر چکی ہے۔سیکرٹری جنرل نے ہاؤس کو آگاہ کیا کہ ماہ اکتوبر و نومبر 2023 میں ہونے والے کل اخراجات پر مبنی گوشوار اجات برائے غور وخوض ومنظوری ایگز یکٹو اراکین کی فائلوں میں موجود ہیں جس کے مطابق ماہ اکتوبر میں ہونیوالے کل اخراجات مبلغ - 5,13,090 روپے اور ماہ نومبر میں ہونیوالے کل اخراجات مبلغ -8,86,137 روپے ہیں۔ہاؤس نے ان اخراجات پر مبنی گوشوار اجات پر غور وخوض کرتے ہوئے ان اخراجات کو منظور کر لیا اور با اتفاق رائے درج ذیل قرارداد کی توثیق کر دی۔

**قرارداد 06/2023-24**

**"ہرگاہ ہاؤس ماہ اکتوبر 2023 میں ہونیوالے کل اخراجات مبلغ-5,13,090 روپے اور ماہ نومبر 2023 میں ہونیوالے کل اخراجات مبلغ-8,86,137 روپے کی با اتفاق رائے منظوری دیتا ہے اور ان اخراجات کی توثیق کرتا ہے۔"**

**ایجنڈا نمبر 6:-** **صاحب صدر کی پیشگی اجازت سے زیر غور لائے جانے والے امور۔**

صاحب صدر نے ایگزیکٹو کمیٹی کی میٹنگز میں اراکین کی کم حاضری پر بات کرتے ہوئے کہا کہ مسلسل یہ دیکھنے میں آ رہا ہے کہ ایگزیکٹو کمیٹی کی میٹنگز میں اراکین کی دلچسپی بہت کم ہے اور ان کی حاضری نہ ہونے کے برابر ہے۔صاحب صدر نے مسلسل غیر حاضر رہنے والے اراکین کا نام لیے بغیر کہا کہ چند ایک اراکین ایگزیکٹو کمیٹی ایسے ہیں جو مسلسل ایگزیکٹو کمیٹی میٹنگز میں شرکت نہیں کر رہے اور کچھ اراکین ایسے بھی ہیں جو ایک یا دو میٹنگز میں شرکت کے بعد دوبارہ غیر حاضر ہو جاتے ہیں۔صاحب صدر نے اراکین ایگزیکٹو سے درخواست کی کہ ہمارے چیمبر کے بہت سے معاملات ایسے بھی ہوتے ہیں جو اراکین ایگزیکٹو سے باہمی مشاورت اور ان کی رضامندی سے منظور کیے جاتے ہیں لہذا میری تمام اراکین ایگزیکٹو کمیٹی سے درخواست ہے کہ وہ کم از کم ہر ماہ چیمبر کی ایگزیکٹو کمیٹی میٹنگ میں ضرور شرکت کیا کریں تا کہ چیمبر کے تمام معاملات باہمی رضامندی سے حل کیے جا سکیں۔صاحب صدر نے سیکرٹری جنرل کو یہ بھی کہا کہ جو اراکین ایگزیکٹو میٹنگز میں مسلسل شرکت نہیں کر رہے انہیں بذریعہ فون میٹنگ میں شرکت کرنے کے لیے درخواست کی جائے کہ وہ چیمبر کی ایگزیکٹو کمیٹی کی میٹنگز میں اپنی شرکت کو یقینی بنائیں۔

**چونکہ مزید کوئی نکتہ زیر غور نہ تھا لہذا صدر چیمبر نے میٹنگ کے اختتام کا اعلان کیا۔سیکرٹری جنرل چیمبر نے ہاؤس کو آگاہ کیا کہ کچھ عرصہ تک ایگزیکٹو کمیٹی کی میٹنگ میں دیئے جانے والے ظہرانے میں تعطل آ گیا تھا تا ہم صاحب صدر نے اس تعطل کو ختم کرتے ہوئے اراکین ایگزیکٹو کے لیے آج کے ظہرانے کا اہتمام کیا ہے جس پر تمام اراکین ایگزیکٹو نے صدر صاحب کے اس طرز عمل پر اظہار تحسین کیا۔**

(سیکرٹری جنرل)
بہاولپور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری

(صدر)
بہاولپور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری

CamScanner